© rasailojaraid.com



محمد اکرام تائب

# نعتِ رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم

کبھی تو آئے گی مجھ کو صدا مدینے کی
کبھی قبول تو ہو گی دعا مدینے کی

بس اس امید پہ مر مر کے جی رہا ہوں میں
کبھی دکھائے گا بستی خدا مدینے کی

فراقِ یار میں جلتا ہوں اب تو کیا غم ہے
کبھی تو چھائے گی کالی گھٹا مدینے کی

میں چھو کے روضے کی جالی کو ہوش کھو دوں گا
مجھے جگائے گی بادِ صبا مدینے کی!

میں کور چشم ہوں چارہ گرو نہ فکر کرو
مرا علاج ہے خاکِ شفا مدینے کی

خدا سے اور کیا لینا ہے اس نے اے تائب
جسے نصیب ہو ایسی فضا مدینے کی


سبائی فتنہ
(جلد اول)
مصنف:۔ حضرت مولانا ابو ریحان سیالکوٹی
ایک تہلکہ خیز کتاب
ایک علمی محاسبہ
ملنے کے پتے:۔ بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
شیخ فہیم اصغر فہیم چپل سٹور، قاضی مارکیٹ، تلہ گنگ


© rasailojaraid.com